پیدائشی قادیانی بھی مرتد ہے

مجیب: مولانا محمد علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3017

تاریخ اجراء: 23صفر المظفر1446ھ/29اگست2024ء

دارالافتاءاہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

جو شخص اسلام چھوڑ کر قادیانیت اختیار کرے وہ بلاشبہ مرتد ہے لیکن جو پیدائشی قادیانی ہو یعنی قادیانی گھرانے میں پیدا ہوا ہو اور ساری زندگی قادیانیت پر ہی رہے اس شخص پر عام کافر کے احکام لاگو ہوں گے یا مرتد کے احکام لاگو ہوں گے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

جو پیدائشی قادیانی ہو وہ بھی مرتد ہے کہ مرتد وہ ہے جو اسلام لانے کے بعد کافر ہوا یا اپنے آپ کو مسلمان کہنے کے باوجود کفریہ عقیدہ رکھتا ہو اور قادیانی خواہ پیدائشی ہو، وہ بھی اپنے آپ کو مسلمان کہتا ہے اور ساتھ میں کفریہ عقیدہ رکھتا ہے، لہٰذا پیدائشی قادیانی بھی مرتد ہی ہے، اوراس پر مرتد والے احکام ہی لاگو ہوں گے۔

فتاوی رضویہ میں ہے "کافر مرتد وہ کہ کلمہ گو ہو کر کفر کرے اس کی بھی دو قسم ہیں: مجاہر و منافق۔

مرتد مجاہر وہ کہ پہلے مسلمان تھا پھر علانیہ اسلام سے پھر گیا کلمہ اسلام کا منکر ہو گیا چاہے دہریہ ہو جائے یا مشرک یا مجوسی یا کتابی کچھ بھی ہو۔

مرتد منافق وہ کہ کلمہ اسلام اب بھی پڑھتا ہے اپنے آپ کو مسلمان ہی کہتا ہے پھر اللہ عزوجل یا رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم یا کسی نبی کی توہین کرتا یا ضروریات دین میں سے کسی شیئ کا منکر ہے، جیسے۔۔۔ قادیانی، نیچری، چکڑالوی، جھوٹے صوفی کہ شریعت پر ہنستے ہیں، حکم دنیا میں سب سے بدتر مرتد ہیں۔" (فتاوی رضویہ، ج14، ص328، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

امام اہلسنت الشاہ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالی علیہ فرماتے ہیں: "کافر دو قسم ہے: اصلی و مرتد۔ اصلی وہ کہ ابتداء سے کافر ہے اور مرتد وہ کہ معاذ اللہ بعدِ اسلام کافر ہوا، یا باوصف دعوی اسلام عقائد کفر رکھے۔" (فتاوی رضویہ، ج9، ص391، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net